# اپنے بچے کو HPV ویکسین لگوا کر کینسر سے بچائیں۔

## HPV ویکسین کے بارے میں چار چیزیں، جن کی آپ کو جاننے کی ضرورت ہے:

### .1 HPV ویکسین کا کام کینسر کی روک تھام ہے۔

HPV ویکسین مختلف انفیکشنز کے خلاف حفاظت کرتی ہے جن کی وجہ سے درج ذیل امراض لاحق ہو سکتے ہیں:

- منہ اور گلے کا کینسر
- رحم کے نچلے حصے کا کنسر
- مقعد کا کینسر
- اندام نہانی اور ولور کینسر
- عضو تناسل کا کینسر





یہ ان انفیکشنز سے بھی بچاتا ہے جو جنسی اعضا کے پھوڑوں کا سبب بنتے ہیں۔

### .2 عمر اہم ہے ۔ ویکسین لگوانے میں دیر نہ کریں۔

درج ذیل وجوہات کی بناء پر یہ سفارش کی جاتی ہے کہ بچوں کو چھٹی جماعت میں HPV ویکسین لگوائے جائیں۔

- ☑ چھوٹی عمر میں دی جانے والی ویکسین بہترین کام کرتی ہے کیونکہ نوعمر بچے ویکسینیشن کے بعد نوجوانوں کی نسبت زیادہ اینٹی باڈیز تیار کرتے ہیں۔
- ☑ ویکسین کے بہتر طور پر کام کرنے کے لئے، کسی کو جنسی طور پر فعال ہونے اور HPV کے ظاہر ہونے سے پہلے ویکسین لگانے کی ضرورت ہے۔

**جب آپ اپنے بچے کو وقت پر ویکسین لگواتے ہیں، تو آپ انہیں بعد کی زندگی میں HPV کینسر سے بہترین تحفظ فراہم کرتے ہیں۔**

### .3 HPV ویکسین محفوظ ہے۔

**200,000,000**

HPV ویکسین کی خوراکیں محفوظ طریقے سے دی جا چکی ہیں۔

گزشتہ 15 سالوں سے زیادہ کی ویکسین کی حفاظت کی نگرانی سے پتہ چلا ہے کہ HPV ویکسین محفوظ ہے۔ اب تک دنیا بھر میں ویکسین کی 200 ملین سے زیادہ خوراکیں محفوظ طریقے سے دی جا چکی ہیں۔

### .4 HPV ویکسینیشن کام کرتی ہے!



کینیڈا اور HPV ویکسین پروگرام والے دیگر ممالک میں ہونے والے مطالعات میں HPV کے انفیکشنز، سروائیکل پری کینسر، اور جنسی اعضا کے پھوڑوں میں جب سے HPV ویکسین استعمال کی گئی ہے بڑی حد تک کمی دیکھی گئی ہے۔

### HPV کیا ہے؟

- HPV کا مطلب ہیومن پیپیلوما وائرس ہے۔
- یہ جنسی طور پر منتقل ہونے والا سب سے زیادہ عام انفیکشن ہے۔
- 4 میں سے تقریباً 3 غیر ویکسین شدہ، جنسی طور پر فعال افراد کو اپنی زندگی کے کسی موڑ پر HPV ہونے کا خطرہ موجود ہے۔
- HPV کی بہت ساری مختلف قسمیں ہیں۔ زیادہ تر HPV انفیکشن بے ضرر ہوتے ہیں اور خود ہی ٹھیک ہوجاتے ہیں۔ لیکن کچھ انفیکشن کینسر یا جنسی اعضاء کے پھوڑوں کا باعث بن سکتے ہیں۔

[Urdu] 07/22

ترجمے اور مزید معلومات کیلئے،
QR کوڈ اسکین کریں یا یہاں ملاحظہ کریں:
**immunizebc.ca/hpv**

BRITISH COLUMBIA | ImmunizeBC
BC CANCER
Provincial Health Services Authority